بھوٹان کے بادشاہ نے صدر سے ملاقات کی۔

04 اپریل 2023

بھوٹان کے بادشاہ محترم جگمے کھیسر نامگیل وانگچک نے آج (4 اپریل 2023) راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ ہند محترمہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔

ہندوستان میں عزت مآب کا خیرمقدم کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ ہندوستان اور بھوٹان کے درمیان ہر سطح پر قریبی شراکت داری ہے جو باہمی اعتماد، خیر سگالی اور افہام و تفہیم پر مبنی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہندوستان بھوٹان کے ساتھ کثیر جہتی اور منفرد شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھوٹان کے سب سے بڑے ترقیاتی شراکت دار کے طور پر، ہندوستان کو بھوٹان میں صحت، تعلیم، زراعت، بنیادی ڈھانچہ، ڈیجیٹلائزیشن اور ہنر کی ترقی جیسے شعبوں میں منصوبوں کی حمایت کرنے پر فخر ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ ہندوستان کی ترقیاتی شراکت بھوٹان کی ترجیحات اور خواہشات کے مطابق جاری رہے گی۔

صدر جمہوریہ نے کہا کہ اس سال بھوٹان سب سے کم ترقی یافتہ ملک (LDC) کے زمرے سے باہر نکلنے کے لیے تیار ہے اور ایک اعلی آمدنی والی معیشت بننے کی راہ پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان اس سفر میں بھوٹان کا قابل اعتماد ساتھی رہے گا۔

صدر جمہوریہ نے خیال ظاہر کیا کہ ہندوستان اور بھوٹان فن ٹیک، اسٹارٹ اپ اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی کے محاذوں پر بھی تعاون کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو اپنے نوجوانوں کی توانائی اور صلاحیت کو صحیح طریقے سے استعمال کرنے کے لیے اس تعاون کے دائرہ کار کو بڑھانا چاہیے۔

نئی دہلی

04 اپریل 2023